# سلطنت عمان کے سربراہ مملکت عزت مآب سلطان ہیثم بن طارق کا ہندوستان کا سرکاری دورہ  دسمبر 16، 2023

دسمبر 10، 2023

سلطنت عمان کے سربراہ مملکت عزت مآب سلطان ہیثم بن طارق صدر جمہوریہ محترمہ دروپدی مرمو کی دعوت پر 16 دسمبر 2023 کو سرکاری دورے پر ہندوستان کا دورہ کریں گے۔ ان کے ساتھ سینئر وزراء اور حکام کا ایک اعلیٰ سطحی وفد بھی ہوگا۔ ہندوستان اور سلطنت عمان کے مابین سفارتی تعلقات میں عزت مآب سلطان ہیثم بن طارق کا ہندوستان کا یہ پہلا سرکاری دورہ ایک اہم سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔

.2 صدر اور وزیر اعظم 16 دسمبر 2023 کو عزت مآب سلطان ہیثم بن طارق کا راشٹرپتی بھون میں رسمی استقبال کریں گے۔ وہ وزیر اعظم کے ساتھ دوطرفہ بات چیت کریں گے جو ان کے اعزاز میں ظہرانے کی میزبانی بھی کریں گے۔

.3 ہندوستان اور عمان کی دوستی اور تعاون کی ایک پرانی تاریخ ہے، جو مشترکہ اعتماد و احترام کی بنیاد پر قائم ہے، اور لوگوں کے مابین مضبوط تعلقات صدیوں پرانے ہیں۔ ہندوستان اور سلطنت عمان اسٹریٹجک پارٹنر ہیں اور دونوں ممالک کے درمیان دو طرفہ تجارت اور سرمایہ کاری کے تعلقات گزشتہ برسوں میں پروان چڑھے ہیں۔

.4 یہ دورہ علاقائی استحکام، ترقی اور خوشحالی کے لئے ہندوستان اور عمان کے درمیان مستقبل میں تعاون کی راہیں تلاش کرنے کا ایک موقع ہوگا۔

**نئی دہلی**
**دسمبر 10, 2023**